© rasailojaraid.com



سعادت می نماید۔

علوم و فنون میں آپ کی استعداد و صلاحیت کا نمونہ دارالعلوم حقانیہ کے سالانہ امتحان میں تلویح و توضیح میں ایک سو دو اور شرح عقائد میں ننانوے نمبرات حاصل کئے۔

# مولانا باقی باللہ شہیدؒ

مولانا باقی باللہ ولد مولانا حبیب اللہ سکنہ اخوندخیل میری غزنی افغانستان ۸ سال قبل ۱۲ر شوال ۱۳۹۲ھ کو دارالعلوم حقانیہ میں داخل ہوئے۔ علم و عمل کا یہ شجرۂ طوبیٰ اب بار آور ہونے کے قریب تھا۔ اور اس سال ۱۴۰۰ھ میں دہم محرم سے دورۂ حدیث شریف میں شامل ہوگئے اس وقت وہ بظاہر بڑے پُرسکون تھے نورانی چہرہ سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود۔ مگر اپنے علاقہ غزنی میں آنے سے قبل کفر سے برسرپیکار رہ کر زخمی ہوگئے تھے زخم اندر اندر سے رستا رہا کچھ عرصہ بعد مجھ سے پشاور کے کسی ڈاکٹر کے نام تعارفی خط مانگا میں نے کہا کہ بظاہر تو آپ بالکل ٹھیک ہیں، انہوں نے دامن اٹھا کر اپنا پہلو دکھایا تو ایک گھاؤ تھا جو ناسور بن رہا تھا۔ ڈاکٹر نے لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں زیر علاج رکھا پھر آپریشن کیا گیا مگر ملاء اعلیٰ کی ملکوتی کائنات مشتاق تھی زخم بڑھ گیا اور وہ پچھلے جمعہ ۲۹ر فروری مطابق ۱۲ر ربیع الثانی ہسپتال میں واصل بحق ہوئے۔ نماز جنازہ پشاور میں پڑھا گیا اور مشہور عارف و صوفی عبدالرحمان بابا کے قبرستان میں یہ غریب الوطن طالبِ علوم نبویہ۔ شہادت حقیقی و حکمی کے چند در چند درجات پاتے ہوئے سپرد خاک ہوئے۔

زمین زخون شہیدان ما خضاب گرفت　　　چنین عبث تو بہ سرخی ایں شفق منگر

جماعت مجاہدین حرکت انقلاب اسلامی کی طرف سے ان کو دیا گیا شناختی اور تعارفی کارڈ اس وقت ان کے نورانی فوٹو کے ساتھ میرے سامنے موجود ہے جس پر امیر حرکت کی طرف سے پشتو میں یہ ایمان پرور عبارت لکھی گئی — گرانہ مجاہد، مسلمان ورورہ باقی باللہ ایمانی جذباتو محصول خدمتونہ مو خدائی قبول کمرہ یہ گران افغانستان د کفر تورہ تیارہ راغلی دہ ہمت ملا کلکہ وتړہ دکمیونزم استبدادی رجیم سرہ مردانہ وار جہاد دکمرہ توفیق مو نصیب شہ۔

یعنی میرے عزیز گرانقدر مسلمان بھائی تمہارے ایمانی جذبات پر مبنی خدمات کو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ عزیزا افغانستان پر کفر کے گھرے اندھیرے چھا گئے ہیں، کمر ہمت مضبوطی سے باندھ کر کمیونزم کے رجیم استبداد سے مردانہ وار جہاد کرو توفیق خداوندی تمہارا شامل حال ہے۔

پھر ہمارے عزیز اور محبوب طالب العلم مولانا باقی باللہ نے اس نصیحت پر کیسے عمل کر دکھایا۔؟ فرحمۃ اللہ وارضاہ



© rasailojaraid.com